19/03/2025

09.25 AM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گُل سے خبریں سُنئے

اسمبلی

قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس جاری ہے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل 13 مطالبات اور 12 ضمنی مطالبات اسمبلی میں پیش کئے جنہیں سپیکر عبدالرحیم راتھر نے بحث کے لئے اٹھایا ۔ مطالبات کا تعلق مختلف محکموں سے ہیں جن کا چارج وزیر اعلیٰ کے پاس ہیں ۔

مطالبات زر پر بحث آج اور کل بھی جاری رہے گی ۔ وزیر اعلیٰ کل بعد دوپہر بحث کا جواب دیں گے جس کے بعد مطالبات زر کا زبانی ووٹ سے پاس ہونے کا امکان ہے ۔

NASA

Crew آج صبح سویرے ایک اسپیس ایکس Butch Wilmore خلاءباز سنیتا ولیمز اور NASA ڈریگن سپیس کرافٹ میں واپس زمین پر پہنچ گئے ہیں۔ اس طرح ان خلاءبازوں کی نو ماہ طویل درماندگی ختم ہو گئی ۔

گزشتہ سال جون سے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر ان کے Butch Wilmore سنیتا ولیمز اور بوئنگ اسٹار لائنر سپیس کرافٹ میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے درماندہ تھے ۔ انہوں نے خلاءمیں 286 دن گزارے جبکہ وہ صرف 8 دن کے مشن پر گئے تھے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے بجلی محکمے پر زور دیا کہ وہ پی ایم ڈی پی کے تحت قائم کئے گئے بنیادی ڈھانچے کا انرجی آڈٹ کریں تاکہ جمونو کشمیر میں توانائی سیکٹر کی اصلاح کا ری

میں ان پروجیکٹوں کے رول کا پتہ لگایا جا سکے۔وہ جمونمیں ڈی آر سی کی ایک میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔

میٹنگ میں پرنسپل سکریٹری پی ڈی ڈی نے کہا کہ متعلقہ وزارت نے 2015 میں پی ایم ڈی پی کے تحت دو ہزار 570 کروڑ 14 لاکھ روپے کے منصوبوں کو دیہی اور شہری علاقوں میں نظامِ تقسیم کو مستحکم کرنے اور دو لاکھ صارفین کے لئے سمارٹ میٹروں کی تنصیب کے لئے منظور کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز نے اپنے دوسرے پیکیج کے تحت چھ لاکھ مزید سمارٹ میٹروں کی تنصیب کے لئے1 ہزار 139 کروڑ روپے کی رقم کی منظوری دے دی۔

LCMA

جمونو کشمیر لیکس کنزرویشن منیجمنٹ اتھارٹی سرینگر میں ڈل اور نگین جھیلوں کی شان رفتہ بحال کرنے اور ان کو تحفظ دینے کےلئے کئی اقدامات کر رہی ہے۔

اس حوالے سے جے اینڈ کے لیکس کنزرویشن منیجمنٹ اتھارٹی کے وائس چیرمین محمد شاہد سلیم ڈار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--Mohd Shahid)--Byte--

ہانگل

وائلڈ لائف محکمہ کشمیر نے ہانگل کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اس اہم جنگلی جانور کی گنتی کا کام شروع کیا ہے۔تین دن تک جاری رہنے والا گنتی کا یہ عمل 22مارچ کو مکمل ہو گا۔

اس ضمن میں ڈپٹی کنزویٹر آف فارسٹس وائلڈ لائف وارڈن سینٹرل ڈویژن سرینگر پرویز احمد وانی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-----Byte-----

آخری رسوم

فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی ایک اور مثال قائم کرتے ہوئے مسلم برادری نے ضلع بارہمولہ کے علاقے واگورا میں ایک غیر مہاجر پنڈت کے آخری رسوم ادا کئے ۔

ہمارے بارہمولہ کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ واحد پنڈت کنبہ ہے جس نے ہجرت نہیں کی تھی اور 90 کی دہائی کے اوائل میں مسلم کمیونٹی کے ساتھ رہ رہا ہے۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام

District ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے تحصیل آفس بڈگام کے کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے آفس کمپلیکس تحصیل کے کاموں کا بھی معائنہ کیا۔ Statistics & Evaluation

ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ ایجنسیوں پر بروقت عملدرآمد ، کاموں کا اعلیٰ معیار اور منصوبوں کے مقررہ وقت میں تکمیل یقینی بنانے پر زور دیا۔

پولیس

سوک ایکشن پروگرام 25-2024 کے تحت رینج پولیس ہیڈ کوارٹر سرینگر نے پولیس پبلک اسکول بمنہ سرینگر میں خصوصی طور پر قابل بچوں میں وہیل چیئرس اور سماعت کے آلات کو تقسیم کیا۔

پولیس کی طرف سے اس طرح کے پروگرام کے انعقاد کا بنیادی مقصد معاشرے کے ضرورت مند لوگوں کی مدد کرنا اور پولیس اور عوام کے مابین مضبوط رشتہ قائم کرنا ہے۔

کیمپ

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات آج پولیس کنٹرول روم کشمیر میں عوامی شکایتوں کے ازالے کا کیمپ منعقد کر رہے ہیں۔ یہ کیمپ صبح گیارہ بجے سے دو پہر ایک بجے تک منعقد ہو گا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ